© rasailojaraid.com



# جذباتِ غم

## یقیناً تھے جہاں میں کاشف الظلمات عبد الحقؒ

مولانا حکیم عبد المجید صاحب فاضل دیو بند، پروچڑاں، خانپور

دریغا چل بسی اب ذاتِ بابرکات عبد الحقؒ     رہیں گے پر ابد تک زندہ ارشادات عبد الحقؒ
مسلسل آخری دم تک دلوں پر اور ذہنوں پر     علوم دین کی کرتے رہے برسات عبد الحقؒ
کتاب اللہ، سنت کی اشاعت در خدمت میں     گذارے عزم سے اپنے ہمہ اوقات عبد الحقؒ
اندھیروں میں اجالوں کا کیا اس نے سماں پیدا     یقیناً تھے جہاں میں کاشف الظلمات عبد الحقؒ
رہیں گے روشن و شفاف چوں شمس و قمر انجم     قیامت تک فلک تاریخ پر حسنات عبد الحقؒ
سوائے حق نہ مانگا اپنا حق الشعی از دیگر     محض تھے خاطر حق جملہ پیغامات عبد الحقؒ
برائے کامرانی غازیانِ سر زمیں افغاں     پسِ پردہ رہیں شامل سدا دعواتِ عبد الحقؒ
کسی سلطان جائر سے نہ جھجکے یہ کبھی ہرگز     کبھی ایوان میں کہی برملا حق بات عبد الحقؒ
بحقا آپ حق بیں، حق سیر، حق آشنا، حق گو     خلاصہ یہ سراپا حق ہی حق ذات عبد الحقؒ
کروں بھرپور گو کوشش مرے بس میں نہیں ہرگز     کہ تفصیلاً بیاں میں کر سکوں حالات عبد الحقؒ
زباں تقریر سے قاصر، قلم تحریر سے عاجز     کہ ہیں بے حد دلا تعداد احسانات عبد الحقؒ
خدا نے بہرہ ور مجھ کو کیا اس کے تلمذ سے     مقدر میں مرے تھا کسبِ تعلیمات عبد الحقؒ
رہا میں ان کی خدمت دیوبند میں سال بھر کامل     مری رفعت کا ہیں باعث یہی لمحات عبد الحقؒ
ملی مجھ کو اجازت ان سے تدریس وطحاوی کی     مرے سینہ میں ہیں محفوظ تشریحات عبد الحقؒ
خداوندا بلطف خود مجھے توفیق دے ایسی     کہ جیتے جی کروں میں پیروی خلواتِ عبد الحقؒ
بیامد بر جہاں ایں غم فزا سن چاردہ صد نہ     کہ در ایں شد وفاتِ حسرتِ آیات عبد الحقؒ
بروز چار شنبہ بست و پنج از ماہِ نو ہجری     زنا شد بغتۃً روئے نہاں ہیہات عبد الحقؒ
مری ہے یہ دعا قلباً ہمیشہ حق تعالےٰ سے     کہ اس جیسا کریں ہر کام ذریات عبد الحقؒ

دعا منظور فرما کر مجیدِ غوث کی یارب
بلند کر جنت الفردوس میں درجات عبد الحقؒ

© rasailojaraid.com